حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے مواعظ کا مجموعہ

مواعظ اشرفیہ

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ تھانوی دفتر رسالہ الابقاء

مولوی مسافر خانہ ایم اے جناح روڈ کراچی ۱

فون: ۷۷۷۷۶۲۰، ۷۷۷۰۰۹۴

افعال سے رنج ہوتا تھا اور رنج ہونا شفقت کی دلیل ہے شفقت نہ ہوتی تو ان کے افعال کی کچھ بھی پرواہ نہ ہوتی یہی سمجھتے کہ جیسا کریں گے ویسا بھریں گے مگر نہیں ان کو بوجہ شفقت کے رنج ہوتا تھا ہاں جب تو حق تعالیٰ نے منع فرما دیا کہ بس اب مت رنج کرو تو پھر رنج نہیں کیا اور ان کی طرف سے دل کو خالی کر لیا اس کے بعد حکم ہوتا ہے کہ تم ایک کشتی ہمارے سامنے اور ہمارے حکم سے بناؤ اور ان ظالموں کی بابت اب کوئی بات ہم سے نہ کیجیو یہ بالیقین غرق ہوں گے۔

بھلا جب حق تعالیٰ نے صاف صاف منع فرما دیا کہ اب ان لوگوں کی بابت مجھ سے بات نہ کیجیو تو حضرت نوح علیہ السلام ان کے ساتھ شفقت کا برتاؤ کیسے ظاہر کر سکتے تھے۔ مگر انھوں نے پھر بھی جہاں ذرا سی گنجائش پائی شفقت کو ہاتھ سے نہیں دیا۔ حق تعالیٰ نے ان سے وعدہ فرمایا تھا کہ ہم تمھارے اہل کو غرق نہ کریں گے جب نوح علیہ السلام کا بیٹا غرق ہونے لگا تو حق تعالیٰ سے اس کی سفارش کی وَنَادٰی نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَهْلِیْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِیْنَ ٥ یعنی نوح علیہ السلام نے اپنے رب سے دعا کی کہ یا اللہ میرا بیٹا بھی تو میرے اہل میں سے ہے اور آپ کا وعدہ سچا ہے یعنی آپ وعدہ فرما چکے ہیں کہ تمھارے اہل کو ہم غرق نہ کریں گے۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے نوح وہ تمھارے اہل میں سے نہیں تھا اس کے اعمال بُرے تھے اور تمھارے اہل سے مراد وہ لوگ تھے جو کہ آپ کے خاندان کے ہوں اور متبع بھی ہوں تو دیکھیے شفقت نہ ہوتی تو بیٹے کے واسطے عرض نہ کرتے۔ شائد آپ یہ کہیں کہ اپنے بیٹے کے لئے دعا کرنا اور سفارش کرنا یہ تو دلیل شفقت نہیں ہو سکتی کیونکہ اپنے بیٹے سے تو باپ کو شفقت ہوا ہی کرتی ہے جواب یہ ہے کہ اول تو نوح علیہ السلام پیغمبر تھے اور انبیاء علیہم السلام مثل اپنی اولاد کے دوسروں کو بھی سمجھتے ہیں۔ مگر چونکہ دوسروں کی سفارش کے لئے کوئی گنجائش نہ رہی تھی اس لئے نہ کر سکے۔ اور بیٹے کے بارہ میں چونکہ عرض معروض کی گنجائش تھی بوجہ وعدۂ سابق کے اس لئے ذرا سی گنجائش پر بھی نہ چوکے اور فوراً عرض کر ہی دیا اس سے

ہم یہی سمجھیں گے کہ حضرت نوح علیہ السلام کو دوسروں پر بھی شفقت تھی مگر بوجہ گنجائش باقی نہ رہنے کے ان کے لئے عفو کی دعا نہ کر سکے۔

دوسرے یہ کہ یہ تو مسلم کہ باپ کو بیٹے کے ساتھ محبت و شفقت ہوا کرتی ہے مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی قاعدہ ہے کہ جب بیٹا انتہا درجہ کا سرکش و نافرمان ہو تو وہ شفقت جاتی رہتی ہے۔ چنانچہ امتحان کے طور پر ان والدین کا حال دیکھ لیا جاوے جن کی اولاد نافرمان ہے کہ وہ کس قدر اپنی اولاد سے بیزار رہتے ہیں۔ خصوصاً مذہبی مخالفت یہ تو ایسی مخالفت ہے کہ اس کے بعد تو شفقت رہا ہی نہیں کرتی خصوصاً انبیاء علیہم السّلام کہ ان کی محبت و بغض تو سب فی اللہ ہوتا ہے۔ خیر! ابراہیم علیہ السلام کے والد ابراہیم علیہ السّلام کو مخالف فی الدین اور بتوں کی برائی کرتے ہوئے دیکھ کر غصے میں آکر کہتے ہیں قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِیْ یٰۤاِبْرٰهِیْمُ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِیْ مَلِیًّا کہ اے ابراہیم کیا تم میرے بتوں سے بے رُخ ہو اگر تم اس بے رُخی سے باز نہ آؤ گے تو میں تم کو پتھر مار کر قتل کر دوں گا۔ اور میرے پاس سے مدۃ العمر کے لئے دور ہو جاؤ۔ تو انبیاء کا تو مخالف فی الدین کے ساتھ کیا حال ہوگا۔ اور ظاہر ہے کہ نوح علیہ السّلام کا وہ بیٹا اُن کا نہایت نافرمان اور سرکش بیٹا تھا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ دین میں مخالف تھا۔ اس کے بعد بھی نوح علیہ السلام کی یہ شفقت کہ جب طوفان آیا تو اُس نافرمان سے آپ فرماتے ہیں کہ اے بیٹے ہمارے ساتھ تو بھی کشتی میں سوار ہو جا اور کافروں کے ساتھ مت رہ نہیں تو غرق ہو جائے گا۔ اس نے اس بات کو بھی منظور نہ کیا۔ یہاں تک کہ اس کو بھی موج طوفان نے غرق کر دیا۔ اس قدر سرکشی کے بعد بھی جب وہ غرق ہو گیا تو نوح علیہ السلام پھر بھی حق تعالیٰ شانہٗ سے اس کی بابت عرض معروض کرتے ہیں۔ یہ نہیں خیال کرتے کہ کمبخت اپنے ہاتھوں تباہ ہوا۔ میں کیا کروں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نوح علیہ السّلام میں شفقت بہت ہی زیادہ تھی ورنہ اس قدر سرکشی کے بعد کیسا ہی باپ ہو اس کو بھی شفقت نہیں رہا کرتی اس سے ثابت ہوا کہ اُن کی صفت شفقت و مرحمت میں ذرا کمی نہ تھی پس پھر جو قوم